BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## اس موسم بہار کے دوران روز تھیٹر سے کارکردگی کے مظاہرے ورچوئل طور پر دوبارہ شروع کیے جا رہے ہیں

برامپٹن، آن (16 مارچ 2021) – اس موسم بہار کے دوران گھر پر رہتے ہوئے ہی ہر دلعزیز فنکاروں کی جانب سے پیش کیے جانے والے کارکردگی کے براہ راست مظاہروں کا لطف اٹھائیں کیونکہ روز تھیٹر اپنی 15ویں سالگرہ کے اس موسم بہار کے دوران ورچوئل طور پر اپنے تفریحی سلسلے کا دوبارہ آغاز کر رہا ہے۔

صوبائی اور پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے صحت عامہ کے رہنما خطوط کے مطابق اور اپنی کمیونٹی کی صحت و سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے، روز تھیٹر اپنے مین اسٹیج کے پروگراموں کو سامعین کے لیے ویمیو (Vimeo) کے ذریعے براہ راست نشر کر رہا ہے۔ سامعین اعلیٰ معیار کی پروڈکشن؛ ایک ماہر تکنیکی پروڈکشن ٹیم؛ زبردست پروگراموں کی نشریات اور تفریح کے شعبے سے تعلق رکھنے والے کچھ انتہائی ہر دلعزیز ناموں کے جلوہ گر ہونے کی توقع کر سکتے ہیں۔

آنے والے مظاہروں میں شامل ہیں:

- 18 مارچ 2021 (شام 8:00 EST) - روّر نارتھ ڈوؤ بمعہ مہمان خصوصی مارک کیلسو
- 20 مارچ 2021 (شام 8:00 EST) - *دِس از برامپٹن: لائیو آن لائن*، زیر نگرانی کیوریاسٹی (Queeriahcity)
- 25 مارچ 2021 (شام 8:00 EST) - سڈنلی مومی بمعہ اینی میری شیفلر
- 27 مارچ 2021 (شام 7:30 EST) - ورلڈز اِن میوزک (دی روز آرکسٹرا)
- 28 مارچ 2021 (دن 1:00 EST) - الیزبتھ گلین کوپلینڈ کی ایان کیٹیکو کے ساتھ دلچسپ گفتگو
- 1 اپریل 2021 (شام 8:00 EST) - *دِس از برامپٹن: لائیو آن لائن*، زیر نگرانی ساؤنڈ ڈرائیو ریکارڈز
- 8 تا 10 اپریل 2021 تک (شام 7:30 EST) - سانگز فار اے نیو ورلڈ (برامپٹن میوزک تھیٹر)
- 10 اپریل 2021 (دن 1:00 EST) - سانگز فار اے نیو ورلڈ، میٹینی شو (برامپٹن میوزک تھیٹر)

آج تک دستیاب، *لائیو فرام دی روز* کے کیوریٹرز اور شریک پیشکش شراکت داروں میں درج ذیل شامل ہیں: برامپٹن میوزک تھیٹر؛ دی روز آرکسٹرا؛ بی جازڈ؛ نیو تھیوری ریڈیو؛ آف دی ریکارڈ؛ ساؤنڈ ڈرائیو ریکارڈز؛ سٹینڈ اپ سٹچز؛ FOLD (فیسٹیول آف لائبریری ڈائیورسٹی)؛ کیوریاسٹی؛ اور اوّر ویمن وائسز۔ ماضی کے فنکاروں میں شامل ہیں: ورجینیا ٹو ویگاس؛ کراؤن لینڈز؛ میسٹرو فریش ویس؛ ٹوئن فلیمز؛ ٹائلر شا؛ رون ہاکنز؛ ہیویا مائٹی اور ٹوکیو پالیسی کلب جو کہ سٹی آف برامپٹن کے نیو ایئرز ایوو کی تقریبات کا ایک اہم حصّہ تھے۔

جب گذشتہ مارچ کے مہینے میں کووڈ-19 کی وجہ سے روز برامپٹن بند کر دیا گیا تھا، تو اس وینیو نے *روز ایٹ ہوم* کے ذریعے مفت ورچوئل پروگراموں کی مدد سے اپنے ناظرین، طلباء اور والدین کی نئی ضروریات کو پورا کرنے کی راہ ہموار کر لی تھی۔ اپریل تا اگست تک، *دِس از برامپٹن: لائیو آن لائن* نے 23 کنسرٹس تیار کیے، جن میں 42 مقامی فنکاروں نے خصوصی حصہ لیا اور اس نے دنیا بھر سے 256،000 سے زیادہ ناظرین کو اپنی جانب راغب کیا۔ روز تھیٹر نے معاشرتی اثرات اور فنون لطیفہ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے تعلیمی پروگرام بھی پیش کیے اور ہر عمر کے ناظرین کی زندگیوں پر خوشگوار اثرات مرتب کیے۔

*لائیور فرام دی روز* کی پیشکش کے اسپانسر میریڈین کے ہم تہہ دل سے مشکور و ممنون ہیں۔ لوگ [therosebrampton.ca](http://therosebrampton.ca) سے لائیو فرام دی روز کے مفت ٹکٹس بک کر سکتے ہیں۔

**اقتباسات**

"روز برامپٹن فنکاروں کی اعانت، بنیادی سامعین کے ساتھ منسلک رہنے اور اس کی عالمی سطح پر وسیع تر توسیع کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے۔ اب تک روز تھیٹر نے 50 سے زیادہ فنکاروں کو ادائیگی کے ساتھ مواقع فراہم کیے ہیں جن میں سے 36 فنکار مقامی تھے اور انہوں نے ورچوئل طور پر کارکردگی کے 15 مفت مظاہرے بھی پیش کیے ہیں۔ ہمیں فخر ہے کہ ہم اپنے رہائشیوں کو ان کے گھروں پر ہی محفوظ طریقے سے لطف اندوز ہونے کے لیے معیاری پروڈکشنز پیش کرتے رہتے ہیں!"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"*لائیو فرام دی روز* قریب و دور کی کمیونٹیوں تک پہنچ چکا ہے اور اس نے برامپٹن کا نام بطور مواقع کا شہر روشن کیا ہے۔ پیشہ ورانہ معاونت فراہم کرنے اور فنکاروں کو معاوضے پیش کرتے ہوئے، *لائیو فرام دی روز* نے ہماری مقامی فنکار برادری پر براہ راست اور مثبت اثرات مرتب کیے ہیں۔"

- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"آن لائن پروگراموں کے ذریعے 10,000 سے زیادہ ناظرین نے اپنے گھروں کے پرسکون اور محفوظ ماحول سے روز برامپٹن سے لطف اٹھایا ہے۔ 1,700 سے زیادہ ٹکٹوں کی بکنگ اور 17 سے زیادہ ممالک میں موجود ناظرین کے ساتھ *لائیو فرام دی روز* دن دوگنی رات چوگنی اپنے ناظرین کے دلوں میں گھر بنا رہا ہے۔"

- *ہرکیرات سنگھ، سٹی کونسلر وارڈز 9 اور 10؛ چیئر، کوآپریٹ سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"دی روز رسائی اور فنون کے فروغ کے لیے پُرعزم ہے۔ کووڈ-19 کی عالمی وباء کے دوران ناظرین کو لطف اندوز ہونے، امید رکھنے اور فن کے براہ راست مظاہروں کے مثبت اثرات کی ضرورت تھی۔ ان کٹھن اوقات کے دوران ہماری کمیونٹی کو معاونت فراہم کرنے کے لیے، اس سیزن کے دوران دی روز برامپٹن کی جانب سے پیش کیے جانے والے تمام پروگرام مفت ہیں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"روز نے فروغ کا عمل جاری رکھا ہوا ہے۔ ہم نے اپنے ورچوئل طور پر پیش کیے جانے والے پروگراموں اور اپنے فنکاروں اور پرفارمنگ آرٹس ٹیم کی قابل ذکر آسانی کے ساتھ ، بطور انڈسٹری لیڈر اپنی راہ ہموار کر لی ہے۔ ہمارے وینیو بند ہو جانے کے ایک ہفتہ بعد شروع ہونے والے لِونگ روم کنسرٹس سے لے کر، دنیا بھر میں دیکھے جانے والے ہمارے اسٹیج سے پیشہ ورانہ جاری سلسلہ تک، ہمیں اب تک اپنے سیزن پر فخر ہے۔ ہم اپنے ناظرین، میئر اور سٹی کونسلرز کی جانب سے کی جانے والی قابل قدر حوصلہ افزائی کے لیے تہہ دل سے مشکور ہیں۔ ہمارے پاس برامپٹن اور اس سے باہر کے ناظرین کے لطف اندوز ہونے لیے ذخیرہ میں موجود کافی کنسرٹس موجود ہیں۔"

- *سٹیون شپر، ایگزیکٹو آرٹسٹک ڈائریکٹر، پرفارمنگ آرٹس*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 75,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔**
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**دی روز برامپٹن** مظاہروں کے فنون کے لیے ایک شاندار جگہ اور ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کی ایک نمایاں خاصیت ہے۔ یہ ہمارے شہر کا ایک اہم حصہ، یہ تھیٹر مقامی اور دنیا کے جانے مانے فنکاروں کے لیے مشہور منزل ہے، جو برامپٹن اور اس سے باہر کے ناظرین کو ایک غیر معمولی جگہ پر وسیع اقسام کے قابلیتوں کا تجربہ کرانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ فن تعمیر اور صوتی طور پر عظمت کا ایک نشان، روز وہ جگہ ہے جہاں برامپٹن زندگی میں آتا ہے۔

***لائیو فرام دی روز*** کی خصوصی پیشکشوں میں تھیٹر، موسیقی، مزاح، فیملی اور ثقافتی پروگراموں پر مشتمل کثیر اقسام کی پروڈکشن شامل ہے۔ دی روز مقامی فنکاروں کو روشنی میں لانے اور اس کمیونٹی، جسے یہ خدمات فراہم کرتا ہے، کی عکاسی کرنے، اسے بڑھانے اور اس کا جشن منانے کے لیے مقامی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ہم بہترین فنکارانہ صلاحیتوں کے مالک اور قابل ذکر فنکاروں کا فعال طور پر تعاقب کرتے ہیں۔ ہم فن کا مظاہرہ کرنے والے فنکاروں کو غیر معمولی تجربات کے مواقع فراہم کرتے ہوئے سامعین کو تفریح اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتے ہیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

گرونِدر سنگھ
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
سٹریٹیجک کمیونیکیشنز
سٹی آف برامپٹن
905-874-2028 | Gurvinder.A.Singh@brampton.ca